# AKASHVANI NEWS SRINAGAR
## Text of Urdu news Bulletin
## Date: 08-August-2026
## Time :09:25 AM

---

آداب

یہ آکاش وانی سرینگر ہے۔خبروں کا بلیٹن لے کر میں شیخ انوار الحق

پی ایم مودی

وزیر اعظم نریندر مودی آج انڈین انسٹی چیوٹ آف ٹیکنالوجی دہلی کی 57 ویں کنووکیشن سے خطاب کریں گے۔تقریب میں 587 پی ایچ ڈی سکالروں میں ڈگریاں تقسیم کی جائیں گی۔وزیر اعظم نمایاں کارکردگی کا مظاہرہ کرنے والے طلبا کو انسٹی چیوٹ کے باوقار اعزازات جن میں پرزیڈنٹس گولڈ میڈل، ڈائریکٹرس گولڈ میڈل، شنکر دیال شرما گولڈ میڈل شامل ہیں، سے بھی نوازیں گے۔

ادھر وزیر اعظم نریندر مودی نے ایک شوشل میڈیا پوسٹ میں کہا کہ وہ اس ممتاز ادارے کے طلبا اور اساتذہ کے درمیان موجود ہونے کیلئے پُر جوش ہیں۔

سی ایم ہائی وے

وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ نے سری نگر - جموں قومی شاہراہ کو کشمیر کی لائف لائن قرار دیتے ہوئے بغیر کسی رکاوٹ کے ٹریفک کی محفوظ آوا جائی کو یقینی بنانے پر زور دیا۔انہوں نے حالیہ خراب موسمی صورتحال کے باعث شاہراہ کے مختلف حصوں پر ہوئے نقصان کا جائزہ لیا۔وزیر اعلیٰ نے میوہ جات لے جانے کیلئے بروقت ٹرانسپورٹیشن کو یقینی بنانے پر زور دیا۔انہوں نے کہا ہے کہ شاہراہ کی طویل بندش سے باغبانوں، تاجروں اور جموں کشمیر کی مجموعی معیشت پر منفی اثرات مرتب ہو رہے ہیں۔

چیف سیکریٹری

چیف سیکریٹری اٹل ڈلو نے ہر گھر ترنگا مہم کے دوران جموں وکشمیر کو قومی سطح پر امتیازی مقام برقرار رکھنے کا عزم دہراتے ہوئے صوبائی کمشنروں اور ضلع ترقیاتی کمشنروں کو ہدایت کی کہ وہ ہر پنچایت، شہری بلدیاتی اور تعلیمی اداروں کی فعال شرکت کو یقینی بنائیں۔وہ انتظامی سیکریٹریوں، صوبائی کمشنروں، ڈپٹی کمشنروں اور مختلف محکموں کے سربراہان کی ایک اعلیٰ سطحی میٹنگ کی صدارت کر رہے تھے۔میٹنگ کے

دوران کل یعنی 9 اگست سے شروع ہونے والی ہر گھر ترنگا مہم اور قومی نغمہ وندے ماترم کی 150 سالہ' تقریبات کے تیسرے مرحلے کی تیاریوں کا جائزہ لیا گیا۔

چیف جسٹس

جموں وکشمیر اور لداخ ہائی کورٹ کے قائم مقام چیف جسٹس ،جسٹس سنجیو کمار نے کہا ہے کہ جج کا عہدہ محض اختیار کا حامل مقام نہیں بلکہ ایک مقدس آئینی امانت ہے، جس کے لئے دیانت داری ،غیر جانبداری اور قانون کی حکمرانی کے اعلیٰ معیارات کی ضرورت ہوتی ہے۔ وہ 39 سول ججوں کے تربیتی پروگرام کی اختتامی تقریب سے خطاب کر رہے تھے۔ اس موقعے پر انہوں نے اس بات کو یقینی بنانے پر زور دیا کہ ہر عدالتی فیصلہ سازی کا انحصار صرف آئین، قانون اور شواہد پر ہونے چاہئے۔

یاترا

سالانہ امرناتھ جی یاترا ناموافق موسمی صورتحال کے پیش آج معطل رہے گی۔ جموں کے بھگوتی نگر بیس کیمپ سے آج کسی بھی یاتری کو وادی کی طرف روانہ نہیں کیا گیا۔ حکام کا کہنا ہے کہ یہ فیصلہ یاتریوں کی حفاظت کئے احتیاطی طور لیا گیا ہے۔

عرس

بلند پایہ ولی سلطان العارفین حضرت شیخ حمزہ مخدوم رحمۃ اللہ علیہ کا سالانہ عرس آج اُن کے آستان عالیہ واقع کوہِ ماران پر عقیدت واحترام کے ساتھ منایا جارہا ہے۔

عرس کے سلسلے میں آستان عالیہ پر نماز عشاء کے بعد شب بیداری کی روح پرور مجلس منعقد ہوئیں، جس دوران وادی کے مختلف علاقوں سے آئے عقیدتمندوں نے ختمات المعظمات، درود واذکار اور توبہ واستغفار کی مجالس میں شرکت کی۔

عرس کے سلسلے میں آستان عالیہ پر انتظامیہ نے عقیدتمندوں کی سہولت کیلئے معقول انتظامات کئے ہیں۔

فضل الحسیب

سری نگر میونسپل کارپوریشن کے کمشنر فضل الحسیب نے کہا ہے کہ کارپوریشن ٹیکنالوجی سے استفادہ کرنے کے لیے کوشاں ہے، تاکہ عوامی خدمات کی موثر فراہمی کو یقینی بنایا جاسکے۔ وہ کارپوریشن کے ہیڈ کوارٹر میں کمیونٹی ہال کی آن لائن بکنگ پورٹل کا افتتاح کرنے کے موقعہ پر اظہار خیال کر رہے تھے۔ اس

موقعہ پر انہوں نے کہا کہ اس پورٹل کی بدولت SMC کے کمیونٹی ہالز کی آن لائن بکنگ، انتظامات اور استعمال میں آسانی ہوگی۔

بلتی نیوز

آکاشوانی کے ریجنل نیوز یونٹ سرینگر کو کیجول بنیادوں پر بلتی نیوز ریڈرس کم ٹرانسلیٹرس کا ایک پینل تشکیل دینا مطلوب ہے۔ امیدوار کی تعلیمی قابلیت گریجویشن ہونی چاہئے۔ امیدوار کیلئے انگریزی واردو متن کو نشریاتی معیار کے مطابق بلتی میں ترجمہ کرنے کی صلاحیت ہونا لازمی ہے۔ امیدوار کی عمر 21 سے 50 سال کے درمیان مقرر کی گئی ہے۔

اس سلسلے میں جموں کشمیر اور لداخ کے رہائش پذیر اہل امیدوار اپنی درخواستیں 15 اگست 2026 شام پانچ بجے تک آکاشوانی سرینگر کے ریجنل نیوز یونٹ میں جمع کرسکتے ہیں۔ خواہشمند امیدوار مزید تفصیلات اور مطبوعہ درخواست فارم ویب سائٹ www.newsonair.gov.in/vacancies سے حاصل کرسکتے ہیں۔ درخواست کے ساتھ لازمی دستاویزات کے علاوہ جنرل کٹیگری کے امیدواروں کو ڈرائینگ اینڈ ڈسبرسنگ آفیسر آکاشوانی سرینگر کے نام 354 روپے کا (نان ریفنڈیبل) بینک ڈرافٹ بطور پراسیسنگ فیس رکھنا لازمی ہے جبکہ ایس سی، ایس ٹی اور او بی سی زمروں سے تعلق رکھنے والے امیدواروں کو پروسیسنگ فیس سے مستثنیٰ رکھا گیا ہے۔ امیدواروں کو تحریری امتحان اور وائس ٹیسٹ سے گزرنا ہوگا۔ منتخب ہونے والے کیجول نیوز ریڈرس کم ٹرانسلیٹرس کو ضرورت کی بنیاد پر بکنگ دی جائے گی۔ مزید تفصیلات کیلئے ہمارے فون نمبرات 0194-2452019 یا 7006958620 سے رابطہ کیا جاسکتا ہے۔

درجہ حرارت

سرینگر میں رات کا کم سے کم درجہ حرارت **19** اعشاریہ **5** ڈگری جبکہ جموں میں رات کا کم سے کم درجہ حرارت **23** اعشاریہ **6** ڈگری سیلسیس ریکارڈ کیا گیا۔

Closing

اس کے ساتھ ہی خبروں کا یہ بلیٹن ختم ہوا

خدا حافظ۔